سوال

(871) ہمارے پاس ایک خوبصورت طویل جسم والا آدمی آیا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بصد ادب گزارش ہے کہ اس سے قبل آپ سے خواب کی تعبیر پوچھی تھی جو کہ الحمد صحیح ثابت ہوئی ہے ۔ اللہ نے بیٹا عطا کیا تھا ۔

اور اب حضرت والد محترم کو خواب میں حضرت نوح جواب کی زیارت ہوئی ہے کہ ''میں اور ہمارے استاد مکرم مولانا عبدالرحمن سیکرٹری حافظ آباد والے حافظ آباد میں تشریف فرما ہیں ۔ ہمارے پاس ایک خوبصورت طویل جسم والا آدمی آیا ہے ۔ اور استاد مکرم نے مجھ سے سوال کیا ہے کہ یہ شخص کون ہے ۔ تو میں نے کہا یہ حضرت نوح جواب ہیں تو انہوں نے اس بات کی تصدیق کی ۔ کہ واقعی یہ حضرت نوح جواب ہیں'' اس کی تعبیر کیا ہو سکتی ہے ۔ قرآن حدیث کی رو سے واضح فرما کر عنداللہ اور عندنا مشکور ہوں ۔ حافظ محمد ادریس گوہڑوی نوشہرہ ورکاں

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کے والد گرامی حفظہ اللہ تبارک وتعالیٰ کوئی اہم دینی کام کر رہے ہیں یا کرنے کا پروگرام رکھتے ہیں اس میں کچھ اپنوں اور کچھ بیگانوں کی طرف سے رکاوٹیں ڈالی جا رہی ہیں یا ڈالی جائیں گی آخر کامیابی وکامرانی جناب کے والد گرامی اور ان کے ساتھیوں کو ہی حاصل ہوگی ان شاء اللہ سبحانہ وتعالیٰ ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 01 ص 558

محدث فتویٰ